RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۴	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۶ جمادی الاول ۱۳۱۳ھ مطابق ۴ نومبر ۱۸۹۵ء	جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر رخصت غلام رسول خان نائب تحصیلدار۔	۱
۲	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ضمیمہ عرضی صیغہ التماس درباره موقوفی منشی تجمل حسین مختار عام۔	۱ و ۲
۳	روبکار کرنیل ر[illegible] صاحب بہادر بابت مشتہر کرنے محکمہ ملٹری آفس بجائے محکمہ جرنیلی۔	۲
۴	اشتہارات [illegible]	ضمیمہ
۵	نقشہ جات رعایات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	”

ملخص حکم جلاس انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر

۲۷ اکتوبر ۱۸۹۵ء

حسب درخواست غلام رسول خان نائب تحصیلدار بلاسپور رخصت یک هفته بوجہ علالت بغرض تبدیل آب و ہوا منظور کی گئی۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

نقل اس کاغذ کی مع نقل عرضی سائلہ گزٹ سرکاری مین شایع کیجاوے اور ایک نقل کاغذ ہذا مع نقل عرضی سائلہ بخدمت صاحب سشن و ڈسٹرکٹ جج بہادر مرسل ہو کہ جملہ عدالتہاے دیوانی و فوجداری مین اطلاعاً گشت کراکر واپس عنایت فرماوین۔ یہ کاغذ بنابر تحریر جواب سررشتہ

دارالانشار کو واپس ہو — ۲۸ راکتوبر ۱۸۹۵ء

یادداشت محکمہ دارالانشار

نقل ڈاکٹ ہذا مع اصل عرضی برائے کارروائی محکمہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کو

مرسل ہو کہ بعد کارروائی واسطے تحریر جواب کے اطلاع دیجاوے۔

المرقوم ۴ رجمادی الاول ۱۳۱۳ھ مطابق ۲۴ راکتوبر ۱۸۹۵ء

بقلم منشی جگل کشور

حکم صاحب سکرٹری بہادر

بذریعہ محکمہ دارالانشار عدالتہائے دیوانی و فوجداری و رجسٹری کو

اطلاع دیجاوے ۔ ۲۲ راکتوبر ۱۸۹۵ء

منجانب صاحب رزیڈنٹ بہادر بنام صاحب

سکرٹری بہادر نمبری $\frac{۹۴۲}{۱۹}$ مورخہ ۱۸ راکتوبر ۱۸۹۵ء

درخواست منجانب مسماۃ صبیحۃ النسار زوجہ مولوی

محمود عالم زمیندار موضع ملک نرائن پور۔

درخواست مسطور برائے تعمیل ارسال خدمت شریف ہے۔

درخواست نسبت اطلاع علیحدگی منشی تجمل حسین مختار عام از جانب

مسماۃ صبیحۃ النسار بسبب بالغ ہو جانے اپنے پسر منظور عالم کے

بحضور پر نور خداوند نعمت فلیض زمان فیض رسان یگانہ یکتا

جناب صاحب رزیڈنٹ بہادر ریاست رامپور دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی گذارش یہ ہے کہ بموجب حکم

جناب صاحب نواب کلکٹر بہادر ضلع مرادآباد مورخہ ۱۸ راکتوبر ۱۸۹۵ء

بطبق درخواست فدویہ کے منشی تجمل حسین مختار عام موقوف کیے گئے

لہذا بغرض اطلاع حضور میں درخواست گذرانتی ہون کہ آیندہ سے

کوئی کارروائی مختارنامہ منشی صاحب موصوف یا اصالتاً اونکے

ذریعہ کی کالعدم خیال کیجاوے اور عدالتہائے صیغہ رجسٹری و مال

و دیوانی و فوجداری کو بھی بذریعہ حکم حضور اطلاع دیجاوے کہ کوئی

کارروائی مختارنامہ جائز نہ سمجھی جاوے اور نہ مانا جاوے۔

چونکہ فدویہ پردہ نشین ہے لہذا اگر کوئی عدالت کی کارروائی ہوگی

وہ مین اپنے فرزند منظور عالم جو شرعاً بالغ ہو چکا انجام دونگی اور وہ جائز

بھی خیال کیجاویگی — یہ درخواست بذریعہ رجسٹری ارسال

کیجاتی ہے کہ بوقت ضرورت سید رجسٹری عدالت میں پیش کر دون

آفتاب دولت کا ہمیشہ تابان و درخشان رہے

روبکار اجلاس کرنیل جی سی راس صاحب بہادر ملیٹری اڈوائیزر و سپرنٹنڈنٹ اسٹاف سپاہ ریاست رامپور

واقع ۲۳ راکتوبر ۱۸۹۵ء

سابق سے یہ محکمہ بلفظ جرنیلی مشہور تھا اب سال رواں سے یہ محکمہ

بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی مشتہر کیا جاتا ہے آیندہ جو خط و کتابت

اس محکمہ سے ہو وہ بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی ہونا چاہیے لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی پاس کل افسران فوج مرسل ہو اور ایک نقل

اسکی بغرض طبع ہونے گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے۔

اشتہار

جشن میلۂ بےنظیر ریاست رامپور بابت ۱۸۹۵ء عیسوی

یہ میلہ پانچ چھہ سال سے متصل گنیش گھاٹ ایک وسیع و پُر فضا میدان مین ہوتا ہی - عام آسایش کے لیے متصل میدان مسجد و مسافر خانہ بھی منجانب ریاست بنا ہوا ہی - مرادآباد و بریلی سے رامپور تک ریل بھی جاری ہی اور میدان میلہ سے تہوڑے فاصلہ پر عالیشان اسٹیشن بنا ہوا ہے اس سال یہ میلہ خاص توجہ نظر کیمیا اثر حضور پرنور **ہز ہائنس نواب صاحب بہادر ادام اللہ اقبالہم وضاعف اجلالہم** ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء روز یکشنبہ سے شروع ہوکر یکم دسمبر ۱۸۹۵ء کو روز یکشنبہ ختم ہوگا - خود بندگان حضور پرنور بنفس نفیس ابتدا سے انتہا تک رونق افزاے میلہ رہینگے پانچ چھہ سال سے اس میلے نے نمایش کا لباس پہنکر مفید امور مین جسقدر ترقی کی ہی میلہ دیکھنے والون پر مخفی نہین نمایش آلات زراعت - تجارت - صنعت و دستکاری یہ سب باتین تجربۃً مفید اور فوائد رسان ہین جو سلسلہ وار ایک سال سے دوسرے سال ترقی پذیر ہوتی آتی ہین - دلچسپی و فرحت کے سامان مثل کشتی - گھوڑدوڑ - کرتب سواران جنگ فیلان - وغیرہ ہر سال ہوتی ہین اور اس سال اور بھی جملہ امور مفیدہ اور سامان دلچسپی مین بندگان حضور پرنور دام ملکہم کی چشم فیض توجہ سے ترقی کے سامان ہین - ہر ایک کرتب اور کام کے لیے مناسب انتظام رکھا گیا ہی جسکا پروگرام طبع ہوکر عنقریب شائع ہوگا تجار اسپان کو گھاس بلا قیمت دیجاوے گی - اور پسند آنے پر کارخانجات سرکاری رجمنٹ وغیرہ کے لیے گھوڑے اونٹ ہاتہی گائے بیل خرید ہون گے - باہر کے سوداگرون کو ضرور ہے کہ ایک ہفتہ پیشتر اپنے آنے سے سکرٹری میلہ کو اپنے پتہ اور نشان سے مع تفصیل سامان ہمراہی اطلاع دین تاکہ اونکو یہان پہونچنے پر آسایش ملسکے - اور ایک روز قبل میلہ شروع ہونے سے یہان پہونچ جانا چاہیے ختم میلہ سے ایک دو روز بعد تک بھی تجار بقیہ اسباب بیچنے اور فروخت کرنے کے مجاز ہون گے

المشتہر

محمد احمد مینائی سر رشتہ دار محکمۂ عالیہ صدر ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

[illegible]	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل موت: ۱ سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱۶	۱۳	۴	۶	۳۹	۲۰	۱۹	۹	۸	۳	۳	۸	۱۲	۲۰	۲۳	۳۴	۹	۰	۰	۲۱	۲۳	۲۳	۰
حوالی شہر	۳	۷	۰	۰	۱۰	۳	۷	۳	۳	۰	۰	۱۶	۱۴	۱۹	۱۷	۱۴	۲۲	۰	۰	۲۹	۸	۳۶	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۱	۱۰	۳	۸	۲۲	۴	۱۸	۳	۴	۲	۰	۸	۲	۱۳	۶	۴	۱۵	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل مذا سے نقشہ نہیں آیا
پنوالی	۱	۳	۰	۳	۸	۱	۷	۳	۱	۰	۰	۵	۱	۹	۲	۳	۸	۰	۰	۴	۷	۱	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل مذا سے نقشہ نہیں آیا
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ٹانڈہ	۲	۱	۳	۱	۸	۶	۲	۳	۱	۱	۰	۲	۲	۶	۳	۵	۴	۱	۰	۰	۸	۹	۰
میزان	۲۳	۳۴	۱۱	۱۹	۸۷	۳۴	۵۳	۲۲	۱۶	۶	۳	۳۹	۳۱	۶۷	۵۱	۶۰	۵۸	۱	۰	۵۴	۶۴	۱۱۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۱۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۱۲	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۵	۱۳	۱۴	۱۵	۰	۱۶	
نخود کنکر آمیز	۱۷	۱۴	۱۶	۰	۰	۰	
[illegible]	۱۸	۰	۰	۱۷	۰	۰	
ماش	۹	۸	۹	۱۰	۰	۱۰	
مونگ	۱۲	۰	۰	۱۰	۰	۸	
مکا	۱۸	۱۷	۲۰	۱۸	۰	۱۹	
[illegible]	۲۰	۰	۰	۰	۰	۲۰	
[illegible]	۱۷	۰	۰	۰	۰	۱۶	
[illegible]	۱۸	۱۵	۰	۲۰	۰	۰	
ارہر	۱۹	۰	۰	۲۰	۰	۲۰	
برنج	[illegible]	۰	۳	۱۱	۰	۱۱	
روغن زرد	۱	۱	۱	۱	۰	۱	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳	۰	۲	
روغن [illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	۳	
نمک سانبھر	۸	۸	۹	۸	۰	[illegible]	
نمک لاہوری	۸	۶	۵	۷	۰	[illegible]	
قند سیاہ	۷	۷	[illegible]	[illegible]	۰	۶	